احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

بدھ 31 مارچ 2010ء

روزنامہ
(ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 31 مارچ 2010ء 14 ربیع الثانی 1431 ہجری 31 امان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 71

حالت بدل گئی

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’میں مرزا صاحب (والد صاحب) کے وقت میں زمینداروں کے ساتھ ایک مقدمہ پر امرتسر میں کمشنر کی عدالت میں تھا فیصلہ سے ایک دن پہلے کمشنر زمینداروں کی نہایت رعایت کرتا ہوا اور ان کی شرارتوں کی پرواہ نہ کر کے عدالت میں کہتا تھا کہ یہ غریب لوگ ہیں تم ان پر ظلم کرتے ہو۔ اس رات کو میں نے خواب میں دیکھا کہ وہ انگریز ایک چھوٹے سے بچہ کی شکل میں میرے پاس کھڑا ہے اور میں اس کے سر پر ہاتھ پھیر رہا ہوں۔

صبح کو جب ہم عدالت میں گئے تو اس کی حالت ایسی بدلی ہوئی تھی کہ گویا وہ پہلا انگریز ہی نہ تھا۔ اس نے زمینداروں کو بہت ہی ڈانٹا اور مقدمہ ہمارے حق میں فیصلہ کیا اور ہمارا سارا خرچہ بھی ان سے دلایا۔‘‘

﴿الحکم 17 جون 1901ء صفحہ 3﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

۱۷۲۔نشان۔ ایک مرتبہ کشفی عالم میں میرے پر ظاہر کیا گیا کہ کوئی سمن سرکاری میرے نام آیا ہے اور مجھے کسی کچہری میں کسی گواہی کے لئے بُلایا ہے اور میں اس کچہری میں گیا ہوں اور حاکم انگریز ہے تب اس نے بغیر حلف دینے کے جیسا کہ قانون ہے میرا اظہار لکھنا شروع کیا اور وہ تمام اظہار بغیر حلف کے ہی لکھا گیا بعد اس کے کشفی حالت جاتی رہی اور میں نے یہ کشف اپنا اپنے بہت سے دوستوں کو اُسی وقت سُنا دیا چنانچہ اُن میں سے خواجہ کمال الدین بی اے پلیڈر اور اخویم مولوی حکیم نوردین صاحب اور مفتی محمد صادق صاحب اور مولوی محمد علی صاحب ایم اے ہیں۔ پھر اُسی دن یا دوسرے تیسرے دن ملتان کے صاحب ڈپٹی کمشنر کا سمن ایک گواہی کے لئے میرے نام آ گیا جب میں گواہی کے لئے صاحب ڈپٹی کمشنر کی کچہری میں حاضر ہوا تو صاحب ڈپٹی کمشنر نے میرا اظہار لکھنا شروع کیا اور حلف دینا بھول گئے جب کُل اظہار لکھا گیا تو بعد میں حلف یاد آیا اس دوسرے حصہ کے گواہ شیخ رحمت اللہ صاحب تاجر اور مولوی رحیم بخش صاحب پرائیویٹ سیکرٹری نواب صاحب بھوپال اور کئی لوگ ہیں۔

۱۷۳۔نشان۔ چراغ دین ساکن جموں جب..........مخالفوں میں جا ملا تو اُس نے صرف گالیوں پر بس نہ کی بلکہ اپنے الہام اور وحی کا بھی دعویٰ کیا اور عام طور پر لوگوں میں شائع کیا کہ خدا تعالیٰ کی وحی سے مجھے الہام ہوا ہے کہ یہ شخص یعنی یہ عاجز دجّال ہے تب میں نے اپنی کتاب دافع البلاء و معیار اہل الاصطفاء کے صفحہ ۲۳ کے حاشیہ پر وہ الہام شائع کیا جو چراغدین کی نسبت مجھ کو ہوا اور وہ یہ ہے انّی اذیب من یریب اور اُردو میں اس کی نسبت یہ الہام ہوا میں فنا کر دوں گا میں غارت کر دوں گا میں غضب نازل کروں گا اگر اُس نے یعنی چراغ دین نے شک کیا اور اس پر یعنی میرے مسیح موعود ہونے پر ایمان نہ لایا اور مامور من اللہ ہونے کے دعویٰ سے توبہ نہ کی یہ پیشگوئی چراغ دین کی موت سے تین برس پہلے کی گئی تھی جیسا کہ رسالہ دافع البلاء کی تاریخ طبع سے ظاہر ہے اور مجھے اس وقت یاد نہیں کہ مَیں پہلے بھی اس پیشگوئی کو لکھ آیا ہوں یا نہیں اگر پہلے لکھی گئی ہے تو یہ نشان اس کتاب میں گذر چکا ہے اور اس جگہ اس نشان کا مکرر لکھنا دوسری پیشگوئی کی تصریح کے لئے ضرور تھا بہر حال اس پیشگوئی سے تین برس بعد چراغ دین مر گیا اور غضب اللہ کی بیماری سے یعنی طاعون کی بیماری سے اُس کی موت ہوئی۔

﴿حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22 ص 386﴾

حضور انور کا خطبہ جمعہ 5 بجے نشر ہوا کرے گا

برطانیہ میں وقت کی تبدیلی کی وجہ سے مورخہ 2؍اپریل 2010ء سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ پاکستانی وقت کے مطابق شام 6 بجے کی بجائے 5 بجے نشر ہوا کرے گا۔ احباب کرام نوٹ فرمالیں اور استفادہ فرمائیں

ٹیچرز ٹریننگ کلاس

(برائے صوبہ سندھ، بلوچستان اور سرحد)

نظارت تعلیم القرآن کے تحت مورخہ 11 تا 21؍اپریل 2010ء ’’تعلیم القرآن ٹیچرز ٹریننگ کلاس‘‘ ربوہ میں منعقد ہوگی۔ یہ خصوصی کلاس صوبہ سندھ، بلوچستان اور سرحد کے تمام اضلاع کی جماعتوں کے لئے ہوگی اور اس میں صرف انصار اور خدام شامل ہوں گے۔ اس کلاس کے شرکاء کو قرآن کریم صحت تلفظ کے ساتھ، عربی گرائمر اور ترجمہ قرآن مع مختصر تفسیر سکھایا جائے گا۔ ان اضلاع کے امراء اور سیکرٹریان تعلیم القرآن سے درخواست ہے کہ اپنے ضلع سے اس کلاس کے لئے کم از کم چار نمائندگان ضرور بھجوائیں۔

شرکاء درج ذیل باتوں کا ضرور خیال رکھیں۔

☆ شرکاء کلاس شروع ہونے سے ایک دن قبل ربوہ پہنچ جائیں اور رجسٹریشن ضرور کروالیں۔

☆ اس کلاس کے لئے مستعد افراد کا انتخاب کریں جو قرآن کریم ناظرہ جانتے ہوں اور قرآن پڑھنے اور پڑھانے کا جذبہ اور شوق رکھتے ہوں تا کہ

باقی صفحہ 12 پر

مشعلِ راہ

ہر وقت دعا کرتے رہیں اور خدا کی رحمت مانگتے رہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 12 دسمبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

بعض گھروں میں بیویوں کی وجہ سے یا خاوندوں کی وجہ سے بعض مسائل کھڑے ہوتے ہیں۔ آپس کے گھریلو تعلقات عائلی تعلقات ٹھیک نہیں ہیں۔ ذرا ذرا سی بات پر کھٹ پٹ شروع ہو جاتی ہے۔ یا میاں بیوی کے دوستوں اور سہیلیوں کی وجہ سے بعض مسائل پیدا ہو رہے ہوتے ہیں۔ تو ان دوستوں کے اپنے کردار ایسے ہوتے ہیں کہ آپس میں میاں بیوی کے تعلقات غیر محسوس طریقے سے وہ بگاڑ رہے ہوتے ہیں۔ تو یہ شیطان ہے جو غیر محسوس طریقوں پر ایسے گھروں کو اپنے راستوں پر چلانے کی کوشش کرتا ہے۔ پھر اولاد ہے، نیک اولاد ایک نعمت ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا فضل مانگنا چاہئے۔ اولاد ذرا بگڑ جائے تو ماں باپ کو بڑی فکر پیدا ہو جاتی ہے، حال خراب ہو جاتا ہے۔ پھر لڑکیاں بعض ایسی جگہ شادی کرنا چاہتی ہیں جہاں ماں باپ نہیں چاہتے، بعض وجوہ کی بنا پر، مثلاً لڑکا احمدی نہیں ہے، یا دین سے تعلق نہیں ہے۔ مگر لڑکی بضد ہے کہ میں نے یہیں شادی کرنی ہے۔ پھر لڑکے ہیں، بعض ایسی حرکات کے مرتکب ہو جاتے ہیں جو سارے خاندان کی بدنامی کا باعث ہو رہا ہوتا ہے۔ تو اس لئے یہ دعا سکھائی گئی ہے کہ اے اللہ ہماری اولادوں کی طرف سے ہمیں کسی قسم کے ابتلا کا سامنا نہ کرنا پڑے بلکہ ان میں ہمارے لئے برکت رکھ دے۔ اور یہ دعا بچے کی پیدائش سے بلکہ جب سے پیدائش کی امید ہو تب سے شروع کر دینی چاہئے۔ یہ جو اللہ تعالیٰ نے دعا سکھائی ہے کہ (۔) تو اولاد کے قرۃ العین ہونے کے لئے ہمیشہ دعا کرتے رہنا چاہئے۔ تو جب ہر وقت انسان یہ دعا کرتا رہے کہ اے اللہ! تو ہم پر رحمت کی نظر کر اور ہم پر رحمت کی نظر، ہمیشہ ہی رکھنا، کبھی شیطان کو ہم پر غالب نہ ہونے دینا، ہماری غلطیوں کو معاف کر دینا۔ اور ہم تجھ سے تیری بخشش کے بھی طالب ہیں، ہمارے گناہ بخش۔ اور ہمارے گناہ بخشنے کے بعد ہم پر ایسی نظر کر کہ ہم پھر کبھی شیطان کے چنگل میں نہ پھنسیں۔ اور جب اتنے فضل تو ہم پر کر دے تو ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والا بنا، ان کو یاد رکھنے والا بنا **یہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے جسے چاہتی ہے پاک کرتی ہے اور پاک کرنے کے لئے بھی ایک مزکی کی ضرورت ہے۔ جو پاک کرنے والا ہو۔ اور جماعت سے علیحدہ ہو کر کوئی جتنا مرضی دعویٰ کرے کہ ہم بہت پاکیزہ ہو گئے ہیں اور شکر ہے ہم آزاد ہو گئے جماعت سے، یہ سب ان کے دعوے ہیں اور جا کر دیکھنے سے پاکیزگی ان کے گھر میں کبھی نظر نہیں آئے گی۔** تو مزکی بھی اللہ تعالیٰ کے خاص لوگ ہوتے ہیں، انبیاء ہوتے ہیں۔ تو ان کے ساتھ تعلق جوڑنے والے بھی پاک ہو سکتے ہیں۔ جو ان سے تعلق نہ جوڑے وہ کبھی بھی پاک نہیں کہلا سکتے۔ تو اس آیت میں جو میں نے تلاوت کی اس میں یہ جو فرمایا ہے کہ جس کو چاہتا ہے پاک کرتا ہے حضرت مصلح موعود نے لکھا ہے کہ اس سے یہ نہ سمجھ لینا کہ اندھا دھند جس کو چاہے پاک کر دے گا اور جس کو نہیں چاہے گا نہیں پاک کرے گا۔ پھر تو نیکیاں کرنے کا، اس کا فضل مانگنے کا فائدہ ہی کوئی نہیں رہتا۔ بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ جو خدا کا پسندیدہ ہو جاتا ہے اور اس کے احکام پر عمل کرنے والا ہو جاتا ہے اسے خدا اپنا محبوب بنا لیتا ہے۔ اور اسے پاک کر دیتا ہے۔ جو اس کے محبوب سے تعلق رکھنے والے ہیں۔ تو اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود سے تعلق رکھنے والے ہیں۔ تو اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود سے تعلق رکھنے والے ہی اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے پاکیزگی کا تعلق رکھنا چاہئے اور شیطان سے بچنے کے لئے، پاک ہونے کے لئے ہر وقت سمیع و علیم خدا سے اس کا فضل مانگتے رہنا چاہئے۔

(روزنامہ الفضل 30 مارچ 2004ء)

روشنی کی کرن

جامعہ احمدیہ کے واقفِ زندگی طلباء کے نام

رقم کر رہا ہوں عزیزانِ مَن
تمہارے لئے چند حرفِ سخن
گھروں سے تم آئے خدا کے لئے
کیا وقف تم نے یہ تن اور مَن
ہے پیشِ نظر بس خدا کی رضا
اسی بات کی ہے دلوں میں لگن
ہو سرشار تم خدمتِ دین سے
نہیں ہے کوئی اس سے بہتر چلن
فرشتوں کا سایہ ہے سر پہ مدام
ہو عزمِ جواں، سر پہ باندھے کفن
دعائیں خلیفہ کی ہر دم نصیب
نہیں اس سے بڑھ کر کوئی اور دَھن
منادی ہو دینِ محمدؐ کے تم
رہو ہر جگہ، ہر زماں نعرہ زن
ہو معمار دنیائے فردا کے تم
مٹا ڈالو ظلمت کے نقشِ کہن
مسیحا ہو تم عصرِ بیمار کے
اندھیروں میں ہو روشنی کی کرن
تمہی سے ملے گی نئی زندگی
ہے وابستہ تم سے بہارِ چمن
تم آگے بڑھو راہ پہ تیز تر
یقیں سے رہو ہر گھڑی گام زن
بڑھو اپنی قامت میں اس شان سے
بڑھیں جیسے باغوں میں سرو و سمن
دعاؤں سے معمور ہو ہر گھڑی
ہو رب کا کرم تم پہ سایہ فگن

عطاء المجیب راشد

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

صحابی رسولؐ حضرت محمد بن مسلمہؓ

جلیل القدر، نڈر، اطاعت کے پتلے اور ایثار و فدائیت کے مجسمے

تعارف و قبول اسلام

دراز قد، دوہرا بدن، گندم گوں رنگ، یہ تھے حضرت محمد مسلمہ انصاریؓ جن کا تعلق اوس قبیلے سے تھا۔ آنحضرت ﷺ کی بعثت سے بائیس سال قبل پیدا ہوئے۔ ان کی خوش نصیبی کہ اس وقت نام محمد رکھا گیا، کنیت ابوعبدالرحمان معروف تھی۔

اسلام کے پہلے مبلغ حضرت مصعبؓ بن عمیر جب مدینہ تشریف لائے ہیں تو ابتداء میں ہی ان کی تبلیغی کوششوں کے نتیجہ میں حضرت سعد بن معاذؓ سے پہلے حضرت محمد بن مسلمہؓ مسلمان ہوئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے مواخات کا سلسلہ قائم فرمایا تو آپ کو حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح کا اسلامی بھائی بنایا گیا۔

(ابن سعد جلد 3 ص 443)

حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح وہ بلند پایہ صحابی ہیں جو عشرہ مبشرہ میں شمار ہوتے ہیں یعنی وہ صحابہ جنہیں آنحضرت ﷺ نے اُنہیں ان کی زندگی میں جنت کی نوید سنائی تھی۔ ان کے ساتھ محمد بن مسلمہؓ کا اسلامی رشتہ اخوت بھی ایک اعزاز تھا۔ حضرت محمد بن مسلمہؓ کو نہ صرف خود صحابی ہونے کا شرف حاصل تھا بلکہ آپؓ کے پانچ بیٹوں جعفرؓ، عبداللہؓ، سعدؓ، عبدالرحمٰنؓ اور عمرؓ کو بھی آنحضرت ﷺ کی صحابیت کی سعادت نصیب ہوئی۔

(الاصابہ جز 6 ص 63)

شہسوار رسول ﷺ

رسول کریم ﷺ محمد بن مسلمہؓ کی فدائیت، عزم راسخ، بہادری اور دلیری کی وجہ سے ان پر بہت اعتماد فرماتے تھے۔ چنانچہ آپؐ نے بڑی بڑی مہمات ان کے سپرد فرمائیں۔ جن کو سر کرتے ہوئے وہ نہایت کامیابی سے واپس لوٹے۔ چنانچہ ان خدمات کی وجہ سے انہیں 'فارسِ نبی اللہ' یعنی آنحضرتؐ کے شہسوار کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا۔ (ابن سعد جلد 3 ص 445)

وہ دلیر اور نڈر ایسے تھے کہ تنہا یہ شہسوار رسول اللہ ﷺ کے دستے کا کام دیتے اور جس طرف بھجوائے جاتے کامیابی سے ہمکنار ہو کر واپس لوٹتے۔ غزوات رسولؐ میں اسی جذبہ ایثار و فدائیت کے ساتھ شامل ہوتے۔ بدر میں رسولؐ اللہ کے ساتھ شریک تھے۔ اُس کے بعد جب یہود بنوقینقاع کی طرف سے بدعہدی ظاہر ہوئی اور مدینہ سے انکے اخراج کا معاملہ سامنے آیا، تو آنحضرت ﷺ نے یہ نہایت نازک ذمہ داری حضرت محمد بن مسلمہؓ کے سپرد فرمائی اور انہوں نے بنوقینقاع کی جلاوطنی اور اس ضمن میں اموال کی وصولی کی تمام ذمہ داریاں احسن رنگ میں ادا کیں۔

اس کے بعد یہود بنونضیر اور بنوقریظہ کے سرداروں کی بعض ریشہ دوانیوں، قتل کے منصوبوں اور دیگر سازشوں کو کچلنے کے لئے انہوں نے غیر معمولی اہم خدمات انجام دیں۔ یہودی سردار کعب بن الاشرف کی طرف سے جب عہد شکنی، بغاوت، تحریک جنگ، فتنہ پردازی، فحش گوئی اور سازش قتل کے الزامات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئے تو نبی کریم ﷺ نے حاکم مدینہ کے طور پر کعب کو سزا دینے کا فیصلہ فرمایا جو سزائے موت سے کم نہ ہو سکتی تھی۔

(بخاری کتاب المغازی باب قتل کعب بن الاشرف و ابوداؤد کتاب الخراج)

رسول کریم ﷺ نے از راہ حکمت مدینہ کے مخصوص حالات کی وجہ سے کعب کے باضابطہ اعلان قتل سے احتراز کیا تا کہ مدینہ خانہ جنگی اور کشت و خون سے بچ جائے۔ یہ نازک اور اہم ذمہ داری خاموشی سے ادا کرنے کے لئے نبی کریم ﷺ نے حضرت محمد بن مسلمہؓ کو مقرر فرمایا۔ انہوں نے عرض کیا کہ اس مقصد کے حصول کے لئے انہیں کوئی عذر تراشنا پڑے گا تا کہ مجرم کو گھر سے نکال کر کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔ نبی کریم ﷺ نے وسیع تر قومی و سیاسی مفاد کے پیش نظر اس کی اجازت دی۔ محمد بن مسلمہؓ نے ابو نائلہ اور دو تین اصحاب کے ساتھ کعب کے مکان پر جا کر کچھ قرض کا مطالبہ کیا کہ نبی کریم ﷺ ہم سے صدقہ کا تقاضا کرتے ہیں۔ اس نے کہا کہ ابھی تو تم اور بیزار ہو کر اسے ترک کرو گے۔ محمد بن مسلمہؓ نے کہا اب تو ان کی پیروی کی ہے تو دیکھنا ہے کہ کیا انجام ہوتا ہے مگر تم بتاؤ قرض دو گے یا نہیں؟ اس نے اپنی طبعی شرارت سے بطور ضمانت عورتیں یا بیٹے رہن رکھنے کا مطالبہ کیا۔ آخر طے پایا کہ ہتھیار رہن رکھے جائیں اور محمد بن مسلمہؓ رات کا وعدہ کر کے واپس آ گئے۔ یوں انہیں کعب کے ڈیرے پر کھلے عام ہتھیار لے جانے کی اجازت مل گئی۔ شام کو یہ پارٹی ہتھیار سے مسلح ہو کر وہاں پہنچی اور محمد بن مسلمہؓ اور ان کے ساتھیوں نے کعب کا کام تمام کر دیا اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اس کی اطلاع کر دی۔

(بخاری کتاب المغازی باب قتل کعب بن اشرف)

اگلے روز یہود کا وفد رسول کریم ﷺ کی خدمت میں کعب کے قتل کی شکایت لے کر آیا تو آپؐ نے کعب کی عہد شکنی، تحریک جنگ اور سازش قتل کے گھناؤنے جرائم گنوائے جس پر وہ خاموش ہو گئے۔

(ابوداؤد کتاب الخراج و فتح الباری جلد 7 ص 262)

الغرض محمد بن مسلمہؓ نے بغیر کسی نقصان کے نہایت حکمت اور دانش مندی کے ساتھ یہ تمام مہمات سر کیں۔ یہود بنونضیر کی بدعہدیاں سامنے آئیں تو آنحضرت ﷺ نے پھر حضرت محمد بن مسلمہؓ کو مامور فرمایا اور انہوں نے آنحضرت ﷺ کی طرف سے وہاں جا کر یہ اعلان کیا کہ اے یہود! عہد شکنی کے نتیجے میں اب تمہارے اخراج کا فیصلہ کیا گیا ہے اور پھر اس اعلان کے بعد بنونضیر کے اخراج کی تمام تر کارروائی حضرت محمد مسلمہؓ کی نگرانی میں مکمل ہوئی۔

غزوہ احزاب میں جب یہود بنوقریظہ نے غداری کی تو آنحضرت ﷺ نے اس موقع پر بھی بعض ذمہ داریاں محمد بن مسلمہؓ کے سپرد فرمائیں۔ چنانچہ بنوقریظہ کے قیدیوں کو جمع کر کے سنبھالنے کی نازک ذمہ داری انہوں نے نہایت احسن رنگ میں ادا کی۔

غزوات میں شرکت

اُحد کے غزوہ میں محمد بن مسلمہؓ آنحضرت ﷺ کے ساتھ شریک تھے اور کمال پامردی اور ثابت قدمی کے ساتھ انہوں نے رسولؐ اللہ کا ساتھ دیا جب مسلمانوں پر درہ سے اچانک دوبارہ حملہ ہوا اور بعض لوگوں کے پاؤں اُکھڑ گئے اور انہیں پیچھے ہٹنا پڑا۔ حضرت محمدؓ بن مسلمہ ان چند جانثاروں میں سے تھے جو ثابت قدم رہے۔ غزوۂ خندق میں بھی انہوں نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ شرکت کی اور اپنے سپرد جو ذمہ داریاں تھیں وہ بجالائے۔ حدیبیہ کے موقع پر آنحضرت ﷺ چودہ سو صحابہ کے ساتھ مکّہ کی طرف روانہ ہوئے۔ ذوالحلیفہ سے آگے بڑھے تو ازراہِ احتیاط بطور پیشرو آپؐ نے سو سواروں کا ایک دستہ آگے بھیجا۔ ان کا امیر محمد بن مسلمہؓ کو مقرر فرمایا، انہوں نے آگے جا کر قریش سے ملاقات بھی کی اور اُن کو باخبر کیا کہ آنحضرتؐ اتنے صحابہ کے ساتھ عمرہ کے ارادہ سے تشریف لا رہے ہیں۔

الغرض حضرت محمد بن مسلمہؓ کو کبھی مجاہد اور کبھی امیر المجاہدین کے طور پر قریباً تمام غزوات میں آنحضرت ﷺ کی معیت میں بھرپور شرکت کی سعادت ملی ہے۔ سوائے غزوۂ تبوک کے جس میں آپ مدینہ کے امیر تھے۔ بعض اور غزوات میں بھی مدینہ میں اپنے پیچھے آنحضرت ﷺ نے انہیں اپنا جانشین یا مقامی امیر مقرر فرمایا، چنانچہ غزوہ قرقرۃ الکدر میں بھی ان کے مدینہ میں امیر مقرر کیا جانے کا ذکر ملتا ہے۔ مدینہ سے باہر بھی مختلف مہمات کا امیر مقرر کر کے آنحضرت ﷺ نے ان کو روانہ فرمایا ان میں سے ایک سریۂ قرطاء ہے جو قبیلہ بنی بکر کی طرف آپ کی سرکردگی میں بھیجا گیا۔ تیس سواروں کا ایک دستہ آپؓ کے ہمراہ تھا اور بعض ذمہ داریاں بھی آپؓ کے سپرد تھیں جو نہایت کامیابی سے ادا کر کے آپؓ واپس لوٹے۔ دوسرا اہم موقع سریہ ذی القصہ کا تھا جس میں دس افراد کا امیر مقرر فرما کر آپؓ کو اس مہم پر روانہ کیا گیا یہ بہت اہم اور نازک مہم تھی جس میں اس دستہ نے بہت نقصان اُٹھایا اور حضرت محمدؓ بن مسلمہ کے علاوہ ان کے باقی تمام ساتھی شہید ہو گئے۔ محمدؓ بن مسلمہ کو بھی سخت چوٹیں آئیں اور دشمن ان کے کپڑے وغیرہ اتار کر برہنہ حالت میں انہیں کہیں پھینک گئے بعد میں بعض مسلمان وہاں سے گذرے تو انہوں نے ان کو سنبھالا اور واپس مدینہ لے کر آئے۔

حضرت محمد بن مسلمہؓ فرمایا کرتے تھے کہ آنحضرت ﷺ کے جملہ غزوات کے بارہ میں جتنا چاہو مجھ سے پوچھو کیونکہ رسولؐ اللہ کا کوئی بھی ایسا غزوہ نہیں جس میں مجھے شامل ہونے کی سعادت عطا نہ ہوئی ہو سوائے غزوۂ تبوک کے جس میں رسولؐ اللہ نے مجھے اپنے بعد مدینہ میں قائمقام مقرر فرمایا تھا، اسی طرح فرمایا کرتے تھے کہ رسولؐ اللہ نے مختلف مواقع پر جتنی مہمات بھی بھیجیں ہیں۔ ان میں کوئی بھی ایسی مہم نہیں جو مجھ پر مخفی رہی ہو۔ یا تو میں اس مہم میں خود شامل تھا یا پھر جب بھی اس مہم کو بھیجا گیا تو اس کے بارہ میں پوری معلومات رکھتا تھا۔ (ابن سعد جلد 3 ص 444)

رسول کریم ﷺ کی پیشگوئی

حضرت محمد بن مسلمہؓ باوجود بڑی دلیری بے باکی اور نڈر ہونے کے، بہت امن پسند اور صُلح جو تھے اور یہ صفت دراصل آپؓ کو آنحضرت ﷺ کی کامل اطاعت کے نتیجہ میں عطا ہوئی تھی۔ رسولؐ اللہ کو ان پر کامل اعتماد تھا۔ آنحضرت ﷺ نے ایک موقع پر ان کو اپنی تلوار عطا کرتے ہوئے ایک پیشگوئی فرمائی تھی۔ جو بڑی شان اور تفصیل کے ساتھ حضرت محمدؓ بن مسلمہ کے حق میں پوری ہوئی اور وہ اعتماد جس کا اظہار رسولؐ اللہ نے اپنے اس پیارے صحابی کے متعلق ظاہر فرمایا تھا، اس کا حق انہوں نے پورا کر دکھایا۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا تھا کہ ''جب تک مشرکین کے ساتھ تمہاری جنگ ہو۔ اس تلوار کے ساتھ اُن سے جنگ کرتے رہنا۔ جب وہ زمانہ آئے جب مسلمان باہم لڑنے لگیں اور ایک دوسرے پر تلوار اُٹھائیں تو یہ تلوار توڑ کر اپنے گھر میں بیٹھ رہنا یہاں تک کوئی خطا کار ہاتھ تم پر حملہ آور ہو یا تمہاری فیصلہ کُن موت آجائے۔'' یہ پیشگوئی بعینہٖ اسی طرح پوری ہوئی۔

حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد حضرت محمدؓ بن مسلمہ نے رسولؐ اللہ کے اس ارشاد پر لفظاً لفظاً عمل دکھایا۔ اختلافات کے اس زمانہ میں انہوں نے اپنی تلوار واقعۃً توڑ کر نہایت زیرکی سے لکڑی کی ایک تلوار بنا کر میان میں لٹکا دی، کسی نے کہا لکڑی کی تلوار رکھنے سے فائدہ؟ کہنے لگے اس کی حکمت یہ ہے کہ رعب تو رہتا ہے کہ تلوار موجود ہے لیکن چونکہ آنحضرتؐ کا حکم ہے اس لئے اب لوہے کی تلوار تو میں نہیں رکھوں گا۔ اور یہ لکڑی کی تلوار کسی کو گزند نہیں پہنچا سکتی۔

(ابن سعد جلد 3 ص 445)

فتنہ سے کنارہ کشی

آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد کی تعمیل میں حضرت محمد بن مسلمہؓ نے جس طرح فتنوں کے زمانے میں اپنے آپ کو بچایا ہے اس کا ذکر ایک صحابی حضرت

حذیفہؓ بن الیمان (جن کو فتنے کے بارہ میں بہت روایات یاد تھیں) بیان کیا کرتے تھے۔

چنانچہ حضرت حذیفہؓ کہتے تھے کہ میں ایک شخص کو جانتا ہوں۔ جس پر فتنہ نے ذرّہ برابر بھی کوئی اثر نہیں کیا اور وہ فتنہ سے کچھ بھی متاثر نہیں ہوئے۔ کہتے ہیں کہ ہم نے پوچھا کہ وہ کون شخص ہے تو انہوں نے کہا وہ محمد بن مسلمہ انصاریؓ ہے۔ جس کا فتنوں نے کچھ بھی نہیں بگاڑا رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارہ میں فرمایا تھا کہ کوئی فتنہ ان کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ دوسرے انہوں نے آنحضرت ﷺ کی فتنہ سے بچنے کی نصیحت پر خوب عمل کیا۔ چنانچہ ضبیعہ کہتے ہیں کہ حضرت حذیفہؓ کی وفات کے بعد فتنوں کے دور میں سفر کرتے ہوئے ایک جگہ پر پہنچا تھا تو میں نے دیکھا کہ ویرانے میں ایک خیمہ لگا ہے، میں نے پوچھا یہ کس کا خیمہ ہے؟ مجھے بتایا گیا کہ یہ محمد بن مسلمہؓ صحابی رسول کا خیمہ ہے میں جب وہاں گیا تو ایک بوڑھے کو بیٹھے ہوئے دیکھا میں نے کہا اے بزرگ! اللہ تجھ پر رحم کرے، مجھے ایسے لگتا ہے کہ آپ مسلمانوں کے بہت ہی معزز لوگوں میں سے ایک فرد ہو اور بزرگ آدمی ہو، مگر ویرانے میں کیوں ڈیرہ لگا رکھا ہے۔ اپنے وطن، گھر بار، ہمسایوں کو چھوڑا اور یوں ویرانے میں آکر بس گئے آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ کہتے ہیں کہ محمدؓ بن مسلمہ نے جواب دیا کہ میں فتنے کے خوف اور شر سے بچنے کے لئے شہروں کی آبادی اور رونق چھوڑ کر ویرانوں میں آکر بس گیا ہوں اور جب تک فتنے ٹل نہیں جاتے، میرا یہی ارادہ ہے کہ میں ویرانوں میں یہ زندگی گزاردوں۔

(ابن سعد جلد 3 ص 445)

خلفائے راشدین کے دور میں خدمات

آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد حضرت عمرؓ کے زمانہ میں نمایاں خدمات حضرت محمد بن مسلمہؓ کے حصہ میں آئیں۔ حضرت عمرؓ نے آپؓ کو صدقات کی وصولی پر مقرر فرمایا، جہینہ قبیلہ اور بعض اور قبائل سے صدقات وصول کرنے کی ذمہ داری وہ بجالاتے رہے، اسی طرح حضرت عمرؓ نے عُمّال کی نگرانی اور احتساب کا سلسلہ بھی شروع فرمایا۔ اس اہم اور نازک کام میں مدد کے لئے آپ نے جس شخصیت کو چُنا وہ حضرت محمدؓ بن مسلمہ تھے۔ (اصابہ جز 6 ص 64)

حضرت عمرؓ کے بارہ میں روایت ہے کہ جب وہ کوئی ایسی نازک مہم کسی کو سونپنا چاہتے، جس کے بارہ میں چاہتے کہ وہ کام اس طرح ہونا چاہیے جیسا کہ وہ چاہتے ہیں تو وہ نازک کام حضرت محمدؓ بن مسلمہ کے سپرد فرمایا کرتے تھے اور حضرت محمدؓ بن مسلمہ کمال اطاعت سے جیسے حکم ہوتا تھا، تعمیل کرتے تھے۔ اس وجہ سے حضرت عمرؓ نے بھی ان پر خوب اعتماد کیا۔ چنانچہ مختلف علاقوں کے عمال اور امراء کے بارہ میں شکایتیں آتی تھیں۔ آپ بلا تردد ان کی تحقیق کے لئے حضرت محمدؓ بن مسلمہ کو روانہ فرماتے تھے اور حضرت محمدؓ بن مسلمہ کمال حکمت اور دانشمندی سے حضرت عمرؓ کی خدمت میں مکمل درست تحقیقات پیش کرتے تھے۔ دراصل اس زمانہ میں اموال غنیمت آرہے تھے اور حضرت عمرؓ یہ چاہتے تھے کہ مسلمان ان اموال میں اتنے منہمک نہ ہوں کہ محض دنیا دار ہو جائیں اُن روایات اور قدروں کو قائم رکھیں جو آنحضرت ﷺ اور آپ کے خلفاء راشدین نے قائم فرمائیں۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کوفہ کے امیر تھے اُن کے بارہ میں حضرت عمرؓ کو یہ شکایت پہنچی کہ انہوں نے محل تعمیر کروادیا ہے اور اُس کے آگے گیٹ لگا کر دربان مقرر کر دیئے ہیں۔ ایک عام آدمی ان سے ملاقات نہیں کر سکتا۔ آپؓ نے حضرت محمد بن مسلمہؓ کو روانہ کیا اور فرمایا کہ اپنی روایات کو ترک کر دینا، مناسب نہیں ہے اس لئے آپؓ جا کر فوری طور پر اس دروازے، گیٹ کو آگ لگا دیں جو محل کے آگے تعمیر کیا گیا ہے۔ حضرت محمدؓ بن مسلمہ تو تعمیل کرنا جانتے تھے۔ انہوں نے کسی بات کی پرواہ کئے بغیر امیر کوفہ کے محل کے گیٹ کو آگ لگا دی۔ امیر کوفہ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کو خبر ہوئی تو وہ آئے محمد ابن مسلمہؓ نے بتایا کہ مجھے تو خلیفۂ وقت نے یہ ارشاد فرمایا تھا۔ جس کی تعمیل واجب تھی اور حضرت سعدؓ نے بھی یہ بات بخوشی قبول کی۔ اس پہلو سے حضرت محمدؓ بن مسلمہ حضرت عمرؓ کے بھی دست راست رہے۔

(اصابہ جز 6 ص 64)

اور انہوں نے کمال اعتماد کرتے ہوئے بڑی بڑی ذمہ داریاں انہیں سونپی یہاں تک کہ جب یہ اطلاعیں آئیں کہ بعض علاقوں کے امراء نے بہت اموال جمع کر لیے ہیں تو حضرت عمرؓ نے اموال کی ایک حد مقرر فرمادی کہ اس حد تک ضرورت کے لئے رکھنے کی اجازت ہے اس سے زائد اموال نصف یا اس کے قریب واپس لے لئے جائیں۔ عمال سے ان اموال کی واپسی کے لئے بھی حضرت محمدؓ بن مسلمہ کو مقرر کیا گیا۔ چنانچہ وہ نڈر اور بے باک ہو کر اُن تمام امراء کے پاس پہنچے جو حضرت عمرؓ کے زمانہ میں مقرر تھے۔ اُن سے آپؓ نے وہ نصف اموال وصول کیے جو بیت المال میں جمع کئے گئے۔ (اسد الغابہ جلد 4 ص 330)

حضرت عثمانؓ نے حضرت محمد بن مسلمہؓ کو پچاس سواروں پر امیر مقرر کر کے مصر سے آنے والے باغیوں سے گفتگو کیلئے بھیجا۔ ان میں سے ایک شخص قرآن ہاتھ میں لئے آگے بڑھا اور کہنے لگا یہ قرآن ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم تلوار سے فلاں فلاں کو ہلاک کریں۔ حضرت محمد بن مسلمہؓ نے اسے خاموش کروادیا اور فرمایا تمہاری پیدائش سے بھی پہلے ہم ان قرآنی احکام کی تعمیل کر چکے ہیں۔

(منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند جلد 5 ص 266، ابن سعد جلد 3 ص 443)

شہادت

حضرت محمد بن مسلمہؓ کی اولاد دس بیٹے اور چھ بیٹیاں تھیں۔ آپ کی وفات رسول اللہؐ کی پیشگوئی کے مطابق گھر میں بیٹھے ہوئے شہادت کی صورت میں ہوئی، ایک شامی جو صوبہ اُردن کا رہنے والا تھا قتل کے ارادے سے گھر میں گھس کر حملہ آور ہوا، تلوار سے حملہ کر کے آپؓ کو شہید کر دیا۔ مخالفین آپ پر یہ الزام لگاتے تھے کہ امیر معاویہ کے حق میں آپ نے تلوار کیوں نہیں اُٹھائی اور ان کا ساتھ کیوں نہیں دیا۔ حضرت محمدؓ بن مسلمہ تو امن پسندی اور صلح جوئی کی خاطر آنحضرت ﷺ کے ارشاد کی تعمیل میں لکڑی کی تلوار بنا کر اپنے گھر میں بیٹھ رہے تھے، آپؓ کی وفات ماہ صفر 46ھ میں ہوئی۔ عمر 77 برس تھی۔

اوصاف کریمہ

حضرت محمد بن مسلمہؓ کامل موحد ہونے کے باعث انتہائی شجاع تھے۔ ایثار و فدائیت، محبت رسولؐ، کمال اطاعت آپ کی خصوصیات ہیں جو آپؓ کی زندگی میں نمایاں جھلکتی نظر آتی ہیں۔ آپ کی روایات حدیث بہت ہی کم ہیں۔ حالانکہ آنحضرتؐ کے ساتھ تمام غزوات میں شامل ہوئے، نہایت نازک اور اہم مہمات آپ کے سپرد ہوئیں لیکن احتیاط کی خاطر روایات کثرت سے بیان کرنا پسند نہیں کرتے تھے۔ تاہم چند روایات سے ہی آپؓ کی سچائی وسیع النظری اور قول سدید کا خوب اندازہ ہوتا ہے۔ آپ کے متعلق ایک روایت حضرت سہلؓ بیان کرتے تھے کہ محمد بن مسلمہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کسی جگہ نکاح کے ارادہ سے پیغام دیا جائے تو اس سے پہلے عورت کو دیکھ لینے میں حرج نہیں۔ اب بظاہر یہ بات عام معاشرتی رواج یا دستور سے ہٹ کر ہی کیوں نہ ہو حضرت محمدؓ بن مسلمہ نے نہ صرف اسے بیان کیا بلکہ اس پر عمل کرنے میں بھی انہوں نے تامل نہیں کیا۔ دوسری روایت آپ کی حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ سے متعلق ہے۔ اس سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ معلومات کا ذخیرہ آپؓ کے پاس موجود تھا جس کا پوچھنے پر اظہار کرتے تھے۔

علمی مرتبہ

حضرت ابوبکرؓ کو یہ مسئلہ درپیش آیا کہ میراث میں دادی کا حصہ ہے کہ نہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ مجھے اس بارہ میں رسول اللہ کی سنت یا واضح ارشاد معلوم نہیں۔ اگر کسی اور صحابی کو علم ہو تو وہ مجھے بتادیں، حضرت مغیرہؓ بن شعبہ نے کہا کہ اس بارہ میں مجھے آنحضرت ﷺ کا ارشاد یاد ہے کہ آپؐ نے دادی کے لئے چھٹا حصہ مقرر فرمایا تھا۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا "اس بات کی تصدیق میں کوئی گواہی پیش کرے۔" تلاش کرنے پر حضرت محمد بن مسلمہؓ کے پاس سے یہ روایت مل گئی۔ انہوں نے مغیرہؓ بن شعبہ کے حق میں گواہی دی کہ واقعی میری یادداشت کے مطابق بھی دادی کے لئے نبی کریمؐ نے چھٹا حصہ مقرر فرمایا ہے۔

(مسند احمد جلد 4 ص 225)

حضرت عمرؓ کے زمانہ میں حاملہ عورت کے چوٹ لگنے کے نتیجہ میں حمل ساقط ہونے کی دیت کے بارہ میں سوال اُٹھا تو حضرت مغیرہؓ بن شعبہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے اس کا بدلہ ایک غلام یا لونڈی ہے۔ حضرت عمرؓ نے گواہی مانگی تو حضرت محمد بن مسلمہؓ نے گواہی دی کہ انہوں نے بھی رسول اللہؐ سے اس بارہ میں یہی سنا ہے۔

(بخاری کتاب الاعتصام بالکتاب السنۃ باب فی اجتہاد)

یہ تھے حضرت محمدؓ بن مسلمہ نہایت جلیل القدر، نڈر، بے باک، اطاعت کے پُتلے اور ایثار وفدائیت کا مجسمہ، اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے پاکیزہ نقوش پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

فرق

حضرت اقدس مسیح موعود کا معمول تھا کہ سلسلہ کلام میں آپ کبھی کبھی مناسب موقعہ کوئی واقعہ گذشتہ بزرگوں کا بھی بیان کر دیا کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں علی العموم بعض اولیاء اللہ کے واقعات کو پیش کیا کرتے۔

حضرت مولوی رحیم بخش صاحب رفیق حضرت مسیح موعود بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ فرمایا کہ

"ایک بزرگ کے دل میں آیا کہ میلہ دیکھوں جب گھر سے چلے تو کشفی حالت میں معلوم ہوا کہ میلہ میں ایک سادھو بیٹھا ہوا ہے۔ ادھر سادھو کو کشف ہوا کہ ایک بزرگ چلا آرہا ہے دونوں نے کشف کے ذریعے ایک دوسرے کو دیکھا۔ آخر یہ بزرگ قریب پہنچے تو سادھو نے اپنے چیلوں سے کہا کہ جلدی سے تہہ بند باندھ لو۔ چیلے حیران ہو گئے کہ مسلمانوں کی طرح تہہ بند بندھواتا ہے۔ سادھو نے کہا کہ ایک مسلمان بزرگ آرہے ہیں مجھے ان کا ادب مجبور کرتا ہے۔ آخر چیلوں نے تہہ بند باندھ لئے۔ وہ بزرگ بھی آپہنچے۔ تب سادھو نے کہا کہ آپ مجھ سے زیادہ نہیں جیسا آپ کو کشف ہوتا ہے مجھے بھی ہوتا ہے اس پر اس بزرگ نے اپنی چھوٹی انگلی سے قدرے خون نکال کر سادھو کو کہا کہ اسے سونگھو۔ جب اس نے سونگھا تو کہا کہ خوشبو آتی ہے پھر اس بزرگ نے کہا کہ اپنا خون نکال کر بھی سونگھو۔ جب اس نے اپنا خون نکال کر سونگھا تو اس میں بدبو معلوم ہوئی بزرگ نے فرمایا۔

میرے اور تیرے درمیان اتنا ہی فرق ہے

تم نے محمد رسول اللہ ﷺ کو نہیں مانا اس واسطے یہ بدبو ہے اس پر وہ مسلمان ہو گیا اور اس کی کشفی قوتیں بھی موجود رہیں۔"

(الحکم 28 اگست 1934ء جلد 37 نمبر 31 صفحہ 3)

(مرسلہ: لقمان احمد شاد صاحب)

مکرم میر رئیس احمد صاحب

حضرت صاحبزادی امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ

حضرت صاحبزادی امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ حضرت مسیح موعود اور حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ کی سب سے چھوٹی بیٹی تھیں۔ آپ کی ولادت سے پہلے 10 مئی 1904ء کو حضور کو الہام ہوا ''دخت کرام'' یہ الہام 16 مئی 1904ء کو البدر میں اور 19 مئی 1904ء کو الحکم میں شائع ہوا۔ چنانچہ اسی بشارت کے مطابق 25 جون 1904ء کو آپ کی ولادت ہوئی۔

حضرت مسیح موعود نے آپ کی ولادت کو اپنی صداقت کا چالیسواں نشان قرار دیا۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 28)

''دخت کرام'' کرام جمع کا صیغہ ہے اس کا واحد کریم اور کریمۃ ہے جس کے معنی شریف، معزز، سخی اور اچھے حسب و نسب کے مالک اور کریمانہ خصال و اخلاق کے مالک کے ہیں۔

حضرت مسیح موعود اپنی کتاب آئینہ کمالات اسلام میں فرماتے ہیں:۔

کہ اللہ اپنے انبیاء اور اولیاء کو اس وقت اولاد کی بشارت دیتا ہے جب ان کا صالح ہونا مقدر ہو۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5 ص 578 ترجمہ از عربی)

دخت کرام کے بارہ میں خصوصی طور پر آپ کو بشارت دی گئی ویسے تو آپ کی ساری اولاد بشارات کے تحت ہوئی جیسا کہ فرمایا:۔

میری اولاد سب تیری عطا ہے
ہر اک تیری بشارت سے ہوا ہے

پس آپ کا مقام تو اس امر سے واضح ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی ولادت کی بشارت دی اور حضور پر نور نے اسے ایک نشان قرار دیا۔

بچپن

آپ بہت پاک صورت تھیں حضرت مسیح موعود سے آپ کی بہت مشابہت تھی۔ آپ غیر معمولی طور پر ذہین تھیں۔ تین ساڑھے تین سال کی عمر میں خوب باتیں کرتی تھیں۔ گو آپ صرف چار سال کی تھیں جب حضرت مسیح موعود کا انتقال ہو گیا۔ اماں جان کو اس قدر دکھ تھا کہ اتنی سی عمر میں آپ اپنے عظیم باپ سے محروم ہو گئیں کہ حضرت اماں جان نے آپ کے سامنے حضرت مسیح موعود کا ذکر کرنا بند کر دیا تھا کہ آپ کو تکلیف نہ ہو۔ اب اماں جان نے آپ کو دوہرا پیار دینا شروع کیا۔ آپ باپ بھی تھیں اور ماں بھی۔ حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ فرمایا کرتی تھیں کہ حضرت اماں جان مجھے کبھی سوتے میں نہ اٹھاتیں۔ آپ نے سات سال کی عمر میں قرآن پاک مکمل کر لیا۔ پھر آپ کو مدرسہ میں داخل کر دیا گیا۔

تعلیم

آپ کو علم حاصل کرنے کا شوق گھٹی میں ملا تھا۔ سارے گھر کا ماحول علمی تھا۔ آنکھ کھولتے ہی حضرت مسیح موعود کو پڑھتے لکھتے دیکھا۔ حضرت اماں جان کو بھی پڑھنے کا شوق تھا۔ آپ کے بھائی بھی مطالعہ میں راہنمائی کرتے اور پڑھنے میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتے۔ آپ کی شادی چھوٹی عمر میں ہوگئی تھی اور تعلیم مکمل نہ تھی۔ صرف اردو اور کچھ عربی آپ نے پڑھی تھی۔ آپ کو علم کا شوق تھا۔ اس لئے شادی کے بعد آپ نے تعلیم جاری رکھی۔ اوپر تلے بچے ہونے کے باوجود آپ نے میٹرک۔ ایف اے انگریزی اور ادیب شادی کے بعد کیا۔ کتابیں پڑھنے کا اتنا شوق تھا کہ ہر دوسرے تیسرے دن لائبریری سے کتابیں منگا کر پڑھتیں۔ اردو اور انگریزی ادب کی بہت سی کتابیں آپ نے پڑھ رکھی تھیں۔ آپ حضرت مسیح موعود کی کتب کا بھی بہت مطالعہ کرتی تھیں۔ جو بھی کتاب نئی چھپتی تھی اور وہ ضرور خریدتی تھیں اور ان تمام کتابوں کو زیر مطالعہ رکھتی تھیں۔

شادی

حضرت صاحبزادی امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کا نکاح حضرت نواب محمد علی خان صاحب آف مالیر کوٹلہ کے منجھلے صاحبزادے حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب (جو حضرت نواب صاحب کی زوجہ اول کے بطن سے تھے) کے ساتھ 7 جون 1915ء کو ہوا۔ اس وقت ان کی عمر قریباً ساڑھے انیس سال تھی اور حضرت سیدہ کی عمر اس وقت 11 سال تھی۔ آپ کا نکاح حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی نے پڑھایا اور پندرہ ہزار روپے مہر مقرر ہوا۔ 22 فروری 1917ء بروز پنجشنبہ رخصتی کی تقریب عمل میں آئی۔ آپ کی رخصتی نہایت سادگی سے ہوئی۔ آپ کے نو بچے پیدا ہوئے جن کے نام یہ ہیں۔

1۔ صاحبزادی آمنہ طیبہ بیگم صاحبہ
2۔ نوابزادہ عباس احمد خان صاحب
3۔ صاحبزادی طاہرہ صدیقہ بیگم صاحبہ
4۔ صاحبزادی زکیہ بیگم صاحبہ
5۔ صاحبزادی قدسیہ بیگم صاحبہ
6۔ نوابزادہ شاہد احمد خان صاحب
7۔ صاحبزادی شاہدہ احمد صاحبہ
8۔ صاحبزادی فوزیہ بیگم صاحبہ
9۔ نوابزادہ مصطفیٰ احمد خان صاحب

حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب اور سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ دونوں ہی بہت پیار اور محبت کرنے والے تھے۔ آپ تکلیف میں ایک دوسرے کا سہارا بنتے تھے۔ دیکھنے والے کہتے کہ ایسا پیار اور وفا دنیا میں کم دیکھی ہے۔ حضرت نواب عبداللہ خان صاحب کی طبیعت میں بے انتہا سادگی اور سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ انتہائی ذہین اور نکتہ رس تھیں۔ آپ حضرت نواب صاحب کو نیکی اور پیار کو قدر کی نظر سے دیکھتیں۔ یہی باتیں تو آپ کے اخلاق کریمانہ کو ظاہر کرتی ہیں۔ تب ہی تو اللہ میاں نے آپ کو ''دخت کرام'' جیسا لقب عطا فرمایا۔

عبادات

فرائض نمازوں کے علاوہ آپ کثرت سے نوافل ادا کرتیں۔ اپنے بچوں کو بھی دعاؤں کی تلقین کرتی تھیں۔ بعض اوقات جو خواب آپ کو آتی دوسرے دن ہی پوری ہو جاتی۔ جماعت کی خواتین ان کے پاس دعا کے لئے آتیں آپ ان کے لئے درد دل سے دعا کرتیں اور جب تک دعا قبول نہ ہو جاتی ان کے لئے فکر مند رہتیں۔

صاحبزادی زکیہ بیگم صاحبہ تحریر کرتی ہیں۔

امی جان بہت عبادت گزار تھیں ہم سب بہن بھائیوں کو دعا اور نماز کی بہت تاکید کرتی رہتی تھیں۔

مجھے یاد ہے کہ قادیان میں حضرت مصلح موعود کی کوٹھی ''دارالحمد'' میں جب ہم رہتے تھے تو شام کو ہمیں ساتھ لے کر ٹہلا کرتیں اور ساتھ ہی مختلف دعائیں بتاتی جاتیں۔ اللہ پر توکل اور صبر و رضا کا سبق دیتی تھیں۔ فرمایا کرتیں کہ ہر معاملہ میں اللہ پر کامل بھروسہ رکھو۔ انسانوں کو بت نہ بناؤ۔ بلکہ خدا کو کارساز جانو۔ اسی سے مانگو۔ دینے والا وہی ہے۔ سب دروازے بند کر کے لاالہ الااللہ کہہ کر اسکے حضور گر جاؤ تو وہ دعا کبھی ضائع نہیں جاتی۔

رسول اللہ ﷺ سے محبت

حضرت صاحبزادی امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کو حضرت نبی اکرم ﷺ سے نہایت درجہ محبت تھی اور یہ محبت آپ کو اپنے پیارے والد حضرت مسیح موعود سے ورثہ میں ملی تھی۔ آپ رسول اللہ ﷺ پر کثرت سے درود پڑھتیں۔ دعا کے لئے آئے ہوئے خطوط کے جواب میں لکھواتیں کہ مسائل کے حل اور مشکلات کی دوری کے لئے کثرت سے درود شریف پڑھیں۔

دراصل آنحضرتؐ سے آپ کے عظیم باپ کو جو عشق تھا۔ یہ اسی کا نتیجہ تھا کہ آپ یہ یقین کامل رکھتی تھیں کہ تمام برکتیں آنحضرت ﷺ کے ذریعے سے ہی حاصل ہوتی ہیں اور تمام مشکلیں آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے سے دور ہوتی ہیں۔

توکل علی اللہ

آپ کو خدا تعالیٰ کی ذات پر بے انتہا توکل تھا۔ دعاؤں پر بے حد یقین تھا۔ صحت کی حالت میں گھنٹوں عبادت میں گزارتیں۔ حضرت مسیح موعود چار سال کی عمر میں آپ کو اپنے مولا کے سپرد کر گئے اور حقیقتاً ساری زندگی اپنے مولا کی گود میں رہیں بسا اوقات کسی چیز کی خواہش کرتیں اور وہ غیب سے آ جاتی۔ پھر تحدیث نعمت کے طور پر بار بار اس کا ذکر کرتیں اور خوش ہوتیں۔ غیر اللہ پر بھروسہ کرنے سے سخت نفرت تھی۔

صاحبزادی طاہرہ صدیقہ صاحبہ تحریر کرتی ہیں۔

ایک دفعہ امی کو شہد کی ضرورت پڑی۔ اتفاق سے اس وقت شہد موجود نہیں تھا میں نے کہا امی ابھی جا کر سیدی حضرت بھائی جان (حضرت مرزا ناصر احمد صاحب) سے لے آتی ہوں۔ ان کے پاس بہت سا شہد آیا ہے۔ مجھے کہہ رہے تھے کہ تم جاتے ہوئے منیر کے لئے لے جانا۔ امی نے فوراً کہا نہیں۔ میں نے کسی سے نہیں مانگنا۔ جب اللہ تعالیٰ خود میری تمام ضرورتیں پوری کرتا ہے تو میں کسی کو کیوں کہوں اور پھر میں نے دیکھا اسی دن یا دوسرے دن ہی کسی نے امی کو بہت ہی اچھا خالص شہد تحفۃً بھجوا دیا۔ غرضیکہ میری امی میں بہت خودداری تھی۔ وہ ایمان اور ایقان میں غیر متزلزل ہستی تھیں وہ حضرت مسیح موعود کے الہام ''دخت اکرم'' کی حقیقی تصویر تھیں۔ وہ بے حد پاک سیرت اور پاک صورت تھیں۔

خلافت سے محبت واحترام

صاحبزادی فوزیہ شمیم صاحبہ تحریر کرتی ہیں۔

حضرت سیدۃ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ میں خلافت کا بے حد احترام اور محبت تھی حضرت خلیفۃ المسیح الثالث صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب آپ کے بھتیجے اور آپ سے چھوٹے تھے۔ آپ خلافت کے بعد ان کو میاں ناصر کہنے لگیں اور ان کے سامنے سر پر دوپٹہ لے کر بیٹھتی تھیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے بھی آپ کو بہت محبت تھی۔ وہ آپ سے بہت محبت کرتے تھے۔ ان کی وفات پر ایک خطبہ میں ان کی خوبیوں کا تذکرہ کیا اور فرمایا میں ان کی طبیعت کی چھپی ہوئی خوبیوں کو بھی پہچانتا تھا۔ اپنی زندگی میں انہوں نے اپنے نمونے سے ثابت کر دیا کہ وہ واقعی دخت کرام کہلانے کی صحیح مصداق تھیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع خلیفہ بنے تو وہ انگوٹھی جو حضرت مسیح موعود نے بنوائی تھی اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے حصہ میں آئی تھی اور حضور کی وفات کے بعد آپ کی وصیت کے مطابق آپ کے بعد ہونے والے خلیفہ کو پہنائی گئی چنانچہ یہ انگوٹھی حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ نے خلیفہ رابع کو قصر خلافت میں پہنائی۔ عجیب نظارہ تھا۔ وہی پھوپھی جو اپنے سے چھوٹے بھتیجے کے ساتھ بے تکلفی سے ملتی تھیں۔ سر پر دوپٹہ لئے حضور کو بڑے پیار اور احترام سے انگوٹھی پہنا رہی تھیں۔ اس دن کے بعد

طاری ہمیشہ کے لئے میاں طاہر بن گئے۔
(سیرت وسوانح حضرت صاحبزادی امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ صفحہ 338)

خادمات سے مادرانہ سلوک

دنیا میں لوگ نوکر چاکروں کو غلاموں کی طرح سمجھتے ہیں۔ ہر وقت کام اور ڈانٹ ڈپٹ کو اپنا وطیرہ بنایا ہوتا ہے لیکن حضرت بیگم صاحبہ اپنے پاس کام کرنے والی بچیوں کو اپنی بیٹیوں کی طرح سمجھتیں۔

مکرمہ زہرہ نسیم صاحبہ کو آپ کی خدمت کی کئی سال سعادت نصیب ہوئی وہ تحریر کرتی ہیں ....

میں نے اپنی زندگی کا ایک حصہ آپ کے سایہ عاطفت میں گزارا۔ دنیا کی نظروں میں تو میں محض ایک خادمہ تھی، لیکن آپ نے مجھے ہمیشہ اپنی بیٹی ہی سمجھا۔ اکثر لوگ بیٹی کہہ تو دیتے ہیں لیکن کہنے میں اور سمجھنے میں بڑا فرق ہے آپ نے جو کہا کر کے دکھایا۔

ایک دفعہ ایک شادی کی تقریب کے موقع پر میں آپ کے ساتھ ایک ہوٹل میں گئی۔ آپ نے مجھے اپنے ساتھ بٹھایا اور اپنے دست مبارک سے مجھے کھانا ڈال کر دیا۔ اس پر پاس بیٹھی ہوئی ایک خاتون نے بڑی حیرت سے کہا کہ آپ اپنی خادمہ کو اپنے ساتھ کھلاتی ہیں۔ میں تو ایسے کبھی نہ کروں آپ نے فرمایا کہ اسے میں نے بیٹیوں کی طرح رکھا ہوا ہے جب یہ میرا خیال رکھتی ہے تو میں کیوں اس کا خیال نہ رکھوں۔

ایک محبت کرنے والی ماں کی طرح آپ کو ان کی خدمت کرنے والی بچیوں کی شادیوں کی بھی فکر ہوتی دعائیں بھی کرتیں اور ڈھونڈ کر رشتے بھی کرتیں۔ شادی پر زیور کپڑا جہیز بھی دیتیں اور شادی کے بعد بھی ایک شفیق ماں کی طرح ان کے بچوں سے حسن سلوک کرتیں۔

آپ کے دل میں خدمت کرنے والیوں کے لئے جذبہ محبت اور خلوص تھا آپ ان کی ہر طرح کی تربیت فرماتیں تا کہ وہ زندگی بہترین طریقے سے گزار سکیں۔

صاحبزادی قدسیہ بیگم صاحبہ تحریر کرتی ہیں۔ کئی لڑکیوں کی پرورش کا کام اور ہر طرح ان کی تربیت بھی آپ کرتی تھیں۔ ہنر مند بنایا۔ سینا پرونا۔ کھانا پکانا۔ ہر چیز سکھائی۔ خود پکاتی نہیں تھیں۔ لیکن اتنا اچھا سکھاتی تھیں کہ لڑکیاں ہر قسم کا کھانا اور مٹھائی وغیرہ بھی بنالیتی تھیں۔ لیکن امی کے ہاتھ میں نہ کبھی میں نے سوئی دیکھی۔ نہ کبھی دیگچی میں چمچہ پھیرتے دیکھا اور ہمارے گھر میں رہنے والی آپا لیلیٰ اور میری بڑی بہنوں کے ہاتھ کے بنے ہوئے میز پوش اتنے باریک کام کے میرے پاس اب بھی موجود ہیں۔ آجکل تو کوئی اتنا باریک کام کرنا تو درکنار۔ دیکھ کر ہی گھبرا جائے یہ ساری امی کی سکھائی ہوئی سلائی ہے۔

آپ رمضان المبارک اور عید کے موقع پر بھی سب کا بہت خیال رکھتیں۔ اس وقت رمضان المبارک جون، جولائی، میں ہوا کرتا تھا۔ جن لڑکیوں نے روزے رکھے ہوئے تھے۔ آپ شام کو ان کو پیسے دیتیں کہ اپنی مرضی سے جو چیز چاہے منگوا لو اس کے علاوہ آپ ان کو فرماتیں کہ جاؤ تمہارے جی چاہے جا کر اپنی مرضی سے پکا بھی لو۔ کبھی کبھار اپنے پاس سے بھی لڑکیوں کو پھل وغیرہ دیتیں۔ آپ اپنی خادمات کے گھریلو مسائل کے لئے بھی دعائیں کرتیں جو قبول ہوتیں اور ان کی تکلیف اور پریشانی کو دور کرنے کی کوشش بھی کرتیں تھیں۔

مہمان نوازی

حضرت سیدہ بیگم صاحبہ کے اوصاف میں سے مہمان نوازی کا وصف بہت نمایاں تھا۔ مکرمہ بیگم سلمیٰ اطہر محمود تحریر کرتی ہیں۔

آپ کی ذات حد درجہ مہمان نواز تھی۔ جب میں اپنے والدین اور بھائیوں وغیرہ کے ساتھ جاتی۔ تو چائے آنے پر نہایت بے تکلف اور پُر تپاک انداز سے پیش کرتیں اور اکثر اوقات مجھ سے اور بھائیوں سے بہت ہی شفقت اور پیار سے فرماتیں کہ یہ باقی خشک میوہ یا پھل اپنی جیبوں میں ڈال لو اور راستہ میں کھاتے جانا۔ جو کہ ہم سب کو بہت ہی بھلا لگتا تھا۔ میں چھوٹی چھوٹی باتوں تک کے لئے چچی جان سے دعا کے لئے کہا کرتی تھیں کہ چچی جان منہ پر دانے نکل آئے ہیں دعا کریں یا معدہ خراب ہے آپ دعا کریں۔ تو پیاری چچی جان اکثر مفید نسخوں اور مشوروں سے نوازتیں اور ساتھ ہی دعا کے لئے اثبات میں جواب دیتیں۔

مکرم اسلم ایاز صاحب تحریر کرتے ہیں۔

کوئی بھی ملاقات کے لئے آتا تو اسے دیکھ کر بے حد خوش ہوتیں اور بے حد مہمان نوازی کرتیں۔ خادموں کو بھی تاکید فرماتیں کہ کوئی مہمان یا ملنے آنے والا بھوکا پیاسا میرے گھر سے نہ جائے۔

شعری ذوق

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 8 مئی 1987ء کے خطبہ جمعہ میں اپنی حضرت پھوپھی جان کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا "حضرت پھوپھی جان کو نہایت ہی لطیف شعری ذوق عطا ہوا تھا۔ خود بہت ہی صاحب کمال شاعرہ تھیں لیکن اپنے کلام کو لوگوں سے چھپاتی تھیں۔ اکثر چند سطور لکھیں اور ایک طرف پھینک دیں اور پھر وہ کلام نظر سے غائب ہو گیا چونکہ مجھے بچپن سے ہی شعر کا ذوق رہا ہے اس لئے حضرت پھوپھی جان کے ساتھ میرا ایک خاص تعلق اس وجہ سے بھی تھا۔ میری ان تک رسائی تھی اور وہ بعض دفعہ بڑے پیار کے ساتھ مجھے اپنا کلام سنا بھی دیا کرتی تھیں ابھی کچھ عرصہ پہلے جب میں ملاقات کے لئے گیا تو ایک بہت ہی پرانی نظم جو حضرت پھوپھی جان نے مجھے قادیان کے زمانے میں سنائی تھی اس کے ایک دو شعر سنانے کو کہے تو ان کے چہرے پر عجیب مسکراہٹ پیدا ہوئی کہ تم اب تک وہ باتیں یاد رکھتے ہو۔

حضور نے ان کے نام اپنے ایک خط میں ان کو ان کا ایک بھولا بسرا شعر یاد کرایا۔

